اس پس منظر میں آپ میرے ایمان ، میرے شخصی ایمان کی داستان کو سمجھ سکتے ہیں اور یہ بھی کہ کس طرح میں نے سیمنری میں یہ سب تحریر کیا اور پھر پی سی یو ایس اے **(پریسبٹرین چرچ)** میں میری مخصوصیت ہوئی ۔ میرا ایمان ہے کہ سب خدا کے لوگ ہیں خدا نے سب کو تخلیق کیا ہے ۔ اور وہ سب کو پیار کرتا ہے ۔ اور خدا کی پدرانہ شفقت ہر وقت ہمارے ساتھ رہتی ہے ۔

اُس وقت میری حیرت کی انتہا نہ رہی جب ایک پاسٹر نے مجھے میرے استعمال کردہ الفاظ کے متعلق بتایا کہ خدا کے بچے ایک بائبل کی اصطلاح ہے اور میں اسے بائبل کے برعکس استعمال کر رہی ہوں ۔

اُس کا یقین تھا کہ تمام لوگ خدا کے بچے نہیں ہیں صرف مسیحی ہیں ۔ 31

صرف مسیحی خدا کے بچے ہیں پاسٹر کے اس بیان نے مجھے مزید حیرت زدہ کر دیا میں نے مزید غور و خوض کر کے اپنے رد عمل کو جاری رکھا۔ خدا کے بچے ہونا یہ ایک سوال ہے ؟ بائبل اس کے متعلق کیا کہتی ہے ۔ کیا سب کو خدا کے بچے کہنا بائبل کے خلاف ہے ۔ بے شک عہد جدید میں مختلف جگہوں پر خدا کے بیٹے /بچے ہونے کے متعلق تعلیم دی گئی ہے اور یسوع کے پیرو کار وں کو اس لقب سے نوازا گیا ہے ۔ لیکن یہ کہنا بچا نہ ہو گا کہ غیر مسیحی خدا کے بچے نہیں ہیں ۔ اور خدا کود ہمیں ایسی جہالت کی تعلیم نہیں دے سکتا ۔

اگر ہمارا سوال یہ ہے کہ کون خدا کا بچہ ہے ؟ ہمارا جواب اگر یہ ہو کہ یہ نہیں ہے تو یہ جواب ہماری یسوع کے پیرو کار بننے میں مدد نہیں کرتا بلکہ لوگوں کو مزید طبقات میں تقسیم کر دیتا ہے -32

مقدس یوحنا کی معرفت تحریر کی گئی انجیل مقدس کی روشنی میں خدا فرزند ہونے کا درجہ صرف وہی رکھتے ہیں جو یسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کرتے ہیں (یوحنا 12-1)سوئیر اپنی اس دلیل کے لیے مزید بائبل مقدس میں سے تین اقتباسات دیتا ہے ۔ بائبل خود اس بات کی وضاحت پیش کرتی ہے ۔

33-سوئیر اور میک لیرن دونوں نجات کے متعلق بائبل کی تعلیم پر اپنی تحقیق پیش کرتے ہیں ۔

میرا ایمان ہے کہ یسوع کی ابتدائی تعلیم مجھ کو بچانا ہے ۔ مجھے شخصی نجات دیتی ہے ۔ اور اسی لیے میں اکثر یہ کہتا ہوں کہ یسوع میر اشخصی نجات دہندہ ہے ۔ اور دوسروں کو بھی یہ تلقین کرتا ہوں کہ وہ بھی یسوع پر اسی طرح ایمان رکھیں ۔

34-جیسے جیسے سال گزرتے گئے شخص نجات دہندہ پر میرا ایمان مضبوط سے مضبوط تر ہوتا گیا ۔

35-میک لیرن کہتی ہے کہ میر ابائبل کی تعلیم سے اختلاف اس لیے ہے کہ بائبل اُن تمام کو دوزخ کی ابدی سزاد یتی ہے جو یسوع کو اپنا شخصی نجات دہندہ نہیں مانتے ۔

۳۰-سوئیر 44

۳۱-سوئیر 45

۳۲-سوئیر 47-46نقشہ جات کی حقیقت

۳۳-47

۳۴۔ ایک کشادہ ذہین الہیات ۔ 107نقشہ جات کی حقیقت

۳۵۔ایک کشادہ ذہین الہیات ۔ 109-108

دوزخ کی اصلی اور قدیمی معلومات کی ضرورت ہے ۔

36۔جب میک لیرن یسوع کے دوزخ کے متعلق کہے گئے الفاظ پر قائم نہ رہ سکی تو وہ بڑی جرات کے ساتھ یسوع کو اُس کے الفاظ واپس دیتی ہے ۔

میں تمہیں بچانے آیا ہوں ۔ اس زندگی کے بعد تم دوزخ میں جاو گے ۔ اگر نجات کا جامہ نہ پہنا یسوع یہ نہیں کہتا (جیسا کے کچھ لوگ خیال کرتے ہیں ۔ بلکہ یسوع یہ کہتا ہے کہ تم ابھی سے جہاں تم کھڑے ہو اور جس حالت میں ہو انجیل کی بشارت کا کام کرو ۔ یہ وہ موقع ہے جو ہمیں مسیح میں نئی اور بہتر زندگی گذارنے کا فضل دیتا ہے ۔ خدا کی بادشاہت تمہارے درمیان ہے ۔

37۔یہ تحریک ناراستی سے سچائی کو دباتی ہے ۔ اور ایسا کرنے کے لیے وہ کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے ۔ (رومیوں 18-1)

شخصی نجات کے متعلق اس تحریک کی یہ تعلیم انکو از سر نو تحریک اصلاح سے مختلف بنا دیتی ہے اور اگر ہم گہرائی میں جا کر سوچیں تو یہ ان کی جہالت اور تاریکی کے پردے کو فاش کر دے گی ۔

فضل کیا ہے ؟صرف فضل کے زریعے نجات پانا کیا ہے؟فضل کی اصطلاح اس تحریک کی تحریروں میں ظاہر نہیں ہوتی کیونکہ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ از رویے بائبل وہم خدا کے بچے ہیں ۔ تو پھر ہمیں نجات کے لیے اس فض کی ضرورت نہیں رہتی جس کا ذکر بائبل کرتی ہے ۔ پھر یہ کہنا بے جا ہے کہ ہم مسیح کے ذریعے گناہ سے نجات پاتے ہیں ۔ فضل کا مطلب یہ ہے کہ خدا اپنے لوگوں کو یسوع مسیح کے اخلاق کا اعلیٰ نمونہ دے کر اُن کو بچانا چاہتا ہے ۔

اس تحریک کا ایک اور ترجمان سامر سلیمانو جو ایک مسلم تھا پھر وہ مسیحی ہو کر سیونتھ ڈے چرچ کا پاسٹر بنا اب وہ ینفل چرچز کونسل کمیشن کو چلا رہا ہے ۔ وہ کہتا ہے ک مسیحی اور غیر مسیحی یسوع مسیح کے اخلاقی نمونے کی پیروی کی بنیاد پر بچائے جائیں گے ۔

پچھلے دو ہزار سالہ دور سے گذرتے ہوئے مسیحیت نے باقی تمام مذاہب سے زیادہ ہے ۔ ہمیں انسانوں کو صرف ایک ہی معیار پر پرکھتا ہے ۔ اور وہ سچائی کا معیار ہے ۔ بائبل کہتی ہے ۔ اور سچائی کایہ معیار بیان کیا گیا ہے دیکھیے (متی 23-15-7) (یوحنا8-5-5)(یوحنا 26-6-17)خدا ہمیں اخلاقی اقدار سے بھرپور زندگی گذارنے کی دعوت دے رہا ہے ۔ اگر کسی دوسرے

مذہب کو سبقت لے جاتی ہے تو اُسے ایسے ایماندار لوگ پیدا کرنا ہونگے جو دوسروں کو پیار کرنے والے ہوں ۔ دوسروں کی خدمت کرنے والے ہوں جو حلیم اور فروتن ہوں اور جو مسیح کی طرح مزاج رکھتے ہوں ۔

نجات اور یوم آخر کا مطلب کچھ بھی ہو لیکن یہ بات واضح ہے کہ ہماری عدالت ہمارے اعما ل کی بنیاد پر اور ہماری نجات خدا کے فضل کے ذریعے ممکن ہے ۔

38۔فضل کی اتنی مشکل تعریف سے گبھرا کر میک لیرن یہ دعویٰ کرتی ہے کہ رومن کیتھولک لوگ یہ ایمان رکھتے ہیں کہ فضل خدا کی نعمت ہے جو ہمیں ہماری لیاقت کی بنا پر نہیں بلکہ اُس کے اپنے رحم کی وجہ سے دی ہے ۔ پھر اس طرح لوگوں کو اُن کے ایمان سے ہٹانا اتنا آسان نہیں ہے ۔

39۔اگر ہم پروٹسٹینٹ کو اس طرح بیان کریں (**پروٹسٹینٹی فاٹنگ**) پر و کا مطلب کے لیے ٹینٹی فائنک کا مطلب بتانا ، اپنی کہانی بتانا تو پھر کیتھولک ، پروٹسٹینٹ اور مشرقی آرتھوڈکس اور دوسرے بھی ایک ہی بات پر متفق ہو جائینگے کہ ہم ہمارا کام مل کر اپنی نجات کی کہانی کا پرچار ہے ۔ نہ کر پہلے لوگوں کی طرح پروٹسٹینٹ کرنا ہے ۔

۳۶۔ایک کشادہ ذہن راسخ الاعتقادی 109

37۔۳۷

۳۸۔سامر سیلمانو (حقیقی /اصلی تشریح کا مسئلہ 195

۳۹۔ایک وسیع الذاہین بنیاد پرستی 139

فضل کیا س نئی تعریف کے مطابق نہ صرف مسیحی بلکہ ہمارے مسلم بھائی اور بہنیں بھی خدا کا فضل حاصل کر سکتے ہیں ۔ میک لیرن لکھتی ہے کہ رمضان مسلمانوں کے لیے اقدس مہینہ ہے ۔ اس مہینے میں وہ روزہ رکھتے اور اپنے آپکو پاک کرتے ہیں ۔ وہ ایمان رکھتے ہیں کہ اس مہینے میں حضرت محمد نے قرآن مجید کی صورت میں الٰہی مکاشہ حاصل کیا ۔ اور یہ مہینہ اُن کو قربانی ، اتحاد اور خود انکاری کرنا سکھاتا ہے وہ غریبوں کی مدد کرتے ، قرآن مجید پڑھتے اور نمازیں ادا کرتے ہیں ۔ اس سال 2009(21اگست کو ہم نے اپنے مسلم دوستوں کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لیے روزہ رکھا اس لیے نہیں کہ ہم اسلام سے متاثر ہیں ہمیں معلوم ہے کہ ہم ایمان میں مضبوط مسیحی ہیں ۔ ہم صرف اپنے ہمسایہ مسلمان بھائیوں بہنوں کے ساتھ اُنکے ایمان کے اس اہم حصہ میں شامل ہونا چاہتے تھے ۔ بالکل اُسی طرح جس طرح یسوع مسیح جو

کہ اپنے یہودی ایمان میں مضبوط تھے جب ایک کنعانی عورت اُن کے پاس رحم کی اپیل کرتی ہے تو یسوع مسیح اس مذہبی تفریق سے بالا تر ہو کر اُسکی فریاد سنتے ہیں (متی 22-15)(مرقس 24-7)اور یہی کچھ ہم اُنکے ساتھ کرنا چاہتے تھے -41

اگرچہ میک لیرن نے اسلام قبول کر لیا وہ قرآن مجید کو تسلیم کرنے کی خوشی مناتی ہے جو کہ بائبل مقدس کے شایانِ شان نہیں اور وہ یسوع مسیح کو اور طرح سے دیکھتے ہیں ۔ ایک وفا دار مسیحی ، میک لیرن رمضان کے مہینے میں اس عنوان کے ساتھ دعالکھتا ہے ۔

اے خدا تو جو تما انسانیت کا خالق ہے رمضان کے مہینہ میں جب مسلمان روزے رکھتے ، نمازیں پڑھتے اور تیرے حکم کوبجا لاتے ہیں تو تو تمام لوگوں مسلم ، مسیحی اور ہندووں کو ایک بنا ۔

اور دوسرے لوگوں کو بھی اپنے روح القدس سے ہدایت دے جو مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں ۔

تیری پیار سے بھری آواز ہمیں ہمارے تمام فرقوں اور دوریوں سے بچا لے ۔ باہمی نفرتوں کو مٹا دے اور محبت کو فروغ دے کیونکہ تو ہی واحد ، سچا اور رحیم خدا ہے تو ہمیں نام بنام جانتا ہے ۔ تو ہی جانتا ہے کہ ہمارا ایمان کیسا اور کس پر ہے ۔ تیری سچائی سے معمور آواز ہمیں اس سوال کو سمجھنے میں مدد دے کہ تو کون اور کیسا ہے ؟ تیرے متعلق ہماری تمام غلط فہمیاں دور ہو جائیں اور ہم ایک دوسرے کی عزت کرتے ہوئے ایک دوسرے کو قبول کریں ۔

42-اس مقام پر آکر دل کرتا ہے کہ اس تحریک سے ایک بار پھر پوچھا جائے کہ کس بنیاد پر یہ کہتے ہیں کہ نجات صرف ایمان کے وسیلے سے ملتی ہے یا نجات صرف یسوع کے کاموں کے وسیلے سے مل گئی ہے لیکن یہ اتنا اچھا نہیں ہے کیونکہ جب یہ عیاں ہو چکی ہے کہ انکی تعلیم بائبل مقدس کے مطابق نہیں تو پھر اس سوال کو دوبارہ پوچھنے کا جواز نہیں رہتا ۔

ایک مثال پیش کرونگا رینڈی وڈے کی جو کہ اس تحریک کے لیڈروں میں سے ایک ہے اور پہلی نیشن منسٹریز تنظیم کا رکن ہے اُس کی الہیات کی جڑیں امریکن انڈین تہذیب و تمدن سے متاثر ہے ۔

۴۰-وسیع الزہین بنیاد پرستی 140

۴۱-برین میک لیرن ۔ رمضان 2009پارٹ 1

(کیا ہو رہا ہے) 13اگست 2009کوویب سائٹ پر جاری کی گئی

www.brianmclaren

۴۲۔مرین میک لیرن ۔ رمضان 2009۔ 21اگست 200کو ویب سائٹ پر جاری کی گئی ۔

www.brianmclaren.

ووڈے کہت اہے کہ امریکن چرچ چوری کیے ہوئے خطہِ ارض پر قائم کیا گیا ہے ۔ ولٹر بروجین کہتا ہے کہ یہ خطہ کرہِ ارض کا مرکز ہے اسے بائبل کی تعلیم کا بھی مرکز ہی ہونا چاہیے ۔ کوئی بھی مومن یہ سوال کر سکتا ہے کہ مسیحی تعلیم کس طرح بائبل سے اخذ کی گئی ہے ۔ ووڈے بتاتا ہے کہ یہ اُن انڈین زمینوں کی نجات ہے جو سفید یورپین نے چُرا لی ۔ یہ جنوبی امریکن خطے /برصغیر کے لوگوں کے حقوق کا صلہ ِ ہے ۔

ایک مقامی امریکن کی حیثیت سے میں کہونگا کہ یہ زمین ہمارے خالق ن اپنے وعدے کے مطابق ہمیں عطا کی ہے ۔ ہمیں از خود بنائی ہوئی روایات کہانیاں اور رسوم ہمیں ایک پاکیزہ زندگی گذارنے میں مدد کرتی ہیں ۔ہمیں اسے ایسا بنا نا ہے جیسے یہ پہلے تھی۔ ہم نے اسے شالوم کی حیثیت سے قبول کیا ہے ۔ امن کی وادی جہاں سلامتی ہے ۔ جب تک چور ی کی ہوئی زمین کا تصور ختم نہ ہوجائے تب تک ہمیں اسے محنت سے اُس عد ن کی طرح بنانا ہو گا جس صورت میں وہ ہم سے چھن گیا۔ لیکن ہمیں دوستی اور خوشگوار تعلقات کے ساتھ چوری کی ہوئی زمین کے تصور ختم کرنا ہو گا۔

یہ مسئلہ آسانی سے حل ہونے والا نہیں ہے ۔ بہت محنت اور سعی کی ضرورت ہو سکتا ہے کہ یہ مسئلہ نسل در نسل چلے ۔ لیکن پھر بھی خدا کا فرمان ہے کہ سلامتی اور امن کی اُس جگہ کے مسئلے کو حل کیا جائے ۔ یہ اُس وقت ممکن ہے جب مقامی امریکی فراخدلی کا مظاہرہ کریں ۔ اور انڈین یہ سمجھنے کی کوشش کریں کہ خدا ہی سب کا خالق ہے اور اُس نے یہ زمین سب کے رہنے کے لیے بنائی ہے ۔ مسائل ، دکھ اور تنگی کا تجربہ ہر معاشرہ کرتاہے ۔ لیکن ہمیں کثرت کی زندگی جینے کی خاطر ان مسائل کو حل کرنا ہو گا ۔ اور مستقبل کی سات نسلوں کے لیے اچھا ، پُر امن معاشرہ تعمیر کرنا ہو گا۔ یہ ممکن ہے جب تمام چرچز مل کر اچھے تعلقات کے ساتھ کام کریں گے ۔

44۔ ہر مسیحی کا فرض ہے کہ وہ اپنی اور دوسروں کی دوزخ اور گناہ سے نجات کے لیے یسوع مسیح کی انجیل کا پر چار کرئے ۔ کیونکہ مسیحی ایماندار مرتی ہوئی انسانیت کے لیے نہیں بلکہ وہ نیا آسمان اور نئی زمین تعمیر کرنے کے لیے دن رات کام کرتے ہیں جہاں راستی راج

کرتی ہے ۔ (۲پطرس 13-3) ایماندار لوگ خدا کی بادشاہت تعمیر کرنے کے لیے کام کرتے اور روحوں کو جنتے ہیں نہ کہ انسان کی بادشاہت کو قائم کرنے کے لیے۔

نجات صرف یسوع مسیح کے ذریعے ملتی ہے ۔ اس کا کیا مطلب ہے یہ تحریک اس حوالے سے کیا تعلیم دیتی ہے ۔ اس تحریک کا ترجمان کہتاہے کہ دیکھنا یہ ہے کہ زیادہ بدعتی کون ہے ؟

برین میک لارن اس باب میں یسوع مسیح کے متعلق ایک کشادہ زہن بنیاد پرستی کے تحت بہت کچھ لکھتاہے ۔ وہ یہ باتیں آمین۔

کیوں مسیحی ہونے کے عنوان سے لکھتے ہیں اور آخر میں کہتے ہیں کہ میں مسیحی ہونے کے عنوان سے لکھتے ہیں اور آخر میں کہتے ہیں کہ میں مسیحی نہیں ہوں ؟ باب نمبر1کو عنوان ہے میں سات لوگوں بنام یسوع کے جانتا ہوں ۔

45-اور باب نمبر 2کا عنوان ہے **یسوع اور خدا ۔**

46-آپ نے دوسرے باب کے عنوان سے ہی اندازہ لگا لیا ہو گا کہ وہ یسوع اور خدا کے درمیان فرق پر بات کرتا ہے ۔ ایک نابالغ مسیحی شاید اسے پڑھتے ہی گمراہ ہو جائے ۔ وہ یسوع مسیح کی ہستی کو بیان کرنے کے لیے بائبل مقدس میں سے بہت سے حوالہ جات اور القابات کا استعمال کرتاہے ۔

(یسوع خدا کا بیٹا ہے) (یسوع خدا کا اوتار ہے)(خدا کے جلا ل کا پرتو ہے) (نادیدنی خدا کا مظہر)

مگر میک لیرن کی یہ اصطلاحات بائبل مقدس کے مطابق نہیں ہیں ۔

کیونکہ میک لیرن یسوع کو خدا کہنے سے منکر ہے ۔

وہ کئی صفحات پر لکھتی ہے کہ کیوں وہ یسوع کو خدا کہنے سے رُکی رہی ۔ کیونکہ (خدا مرد نہیں ہے) ۔

47-وہ یہ کہتا چلا چاتاہے کہ بائبل مقدس کا کدا اور بیٹے کا تصور بھی مسیحیت کو شراکتی اور اتحاد ی کلیسیا بنانے کی بجائے تقسیم کرتاہے ۔

۴۳-رینڈی وڈے خطہ کی عظمت کو بحال کرنا، یہ تحریک کیوں اس ایشو کو زیر بحث لائی 299

۴۴-ووڈے 299

۴۵۔ایک وسیع الذہین بنیاد پرستی 76-49

۴۶۔ایک وسیع الذہین بنیاد پرستی 86-77

۴۷۔ایک وسیع الذہین بنیاد پرستی -82

اب بہت کچھ کہا جا چکا ہے اب اس موضوع کو کسی نتیجے پر لے کر چلتے ہیں ۔ **(خدا کا بیٹا)** یہ لقب خدا کے پدرانہ نظریہ یا خدا کی ہستی کو کمتر نہیں کرتا ۔

48۔جب میک لیرن چوتھا باب تحریر کرتی ہے تو کہتی ہے کہ یسوع کس چیز کا نجات دہندہہے ؟ مسیحی ایمان رکھتے ہیں کہ یسوع نے صلیب پر جان دے کر ہر شخص کی روح کو بچا لیا ہے ۔

میر ا یہ بھی کہنا ہے کہ ہم نے نجات ، نجات دہندہ اور بچانے والا کے الفاظ کو بگاڑ دیا ہے ، کمتر کر دیا ہے اور غیر واضح کر دیا ہے اور انکو بنیاد پرستی کے آئینہ میں دیکھا ہے ۔

49۔یہ اچھا ہو گا اگر آپ روشن خیالی سے دیکھیں گے کہ یسوع کو کیوں نجات دہندہ کہا جاتاہے یا کوئی سی چیز اہم یسوع مسیح کو نجات دہندہ بناتے ہیں ۔

سادہ الفا ظ میں بات کو شروع کرتے ہیں کہ بائبل میں (بچانا) کا مطلب محفوظ کرنا یا شفادیتا ہے ۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ دوزخ سے بچانا یا موت کے بعد ابدی زندگی دیتاہے ۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ دوزخ سے بچانا یا موت کے بعد ابدی زندگی دینا جیسا کہ بت سے پاسٹر صاحبان کلام سُنانے کے بعد تعلیم دیتے ہیں ۔

اور اِ س باب میں میک لیرن یسوع مسیح کی تعلیم کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہتا ہے کہ یسوع نے معاشرہ میں گناہگاروں اور رد کیے ہوئوں کی بحال کے لیے کام کیا ہے جس کا مقصد معاشرے اور ماحول کو بہتر بنانا تھا ۔ اخلاقی اقدار کو بحال کرتاہے ۔ یوں وہ یسوع کو اخلاقی نمونے کے طور پر پیش کرتاہے ۔

جب ہم یسوع کو نجات دہندہ کہتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ خدا نے یسوع کو دوسروں کو جانتے ، معاف کرنے ، اور تعلیم دینے کی اعلیٰ قوت سے نوازا ہے ۔ یسوع تعلیم اور روایات کو منسوخ کرنے نہیں بلکہ اُنکو حقیقی روح میں بحال کرنے ، بدی کو مٹانے آیا ۔ تاکہ گناہگاروں توبہ کریں اور بدی کے بندھنوں کو توڑیں اور یسوع سے سیکھیں ۔ کہ کس طرح ایک خوشحالی اور خدا میں نئی زندگی گذارنی ہے ۔

51۔ایک بات جو قابلِ ذکر ہے کہ جب میک لیرن گناہ ، توبہ ، معافی اور بحالی جیسی اصطلاحات استعمال کرتی ہے تو اُسکے ذہن میں بائبل مقدس کی تعلیم بالکل نہیں اور نہ ہی وہ یہ ازروے

بائبل استعمال کرتی ہے ۔ جب وہ بحالی کی بات کرتی ہے تو ستم زدہ اور استحصال زدہ لوگوں کی بحالی کی بات کرتی ہے ۔ یسوع کے خون کے وسیلے سے گناہگاروں شکستہ دلوں کی شفا کی بات کرتی ہے ۔ الہیاتی غلط فہمیوں کی اصلاح اور بحالی کی بات کرتی ہے غریبوں پر ظلم کرنا اور اپنے مقاصد کے لیے اُنکا استعمال یہ ہے ہمارا لمحہ فکر یہ اب سے نہیں بلکہ آدم کے گناہ میں گرنے سے لیکر اب تک ایسا ہی ہے ۔

ہمیں درپیش مسائل اس زمین پر معاشرتی اور ماحولیاتی لحاظ سے ہیں نہ کہ ابدی دوزخ کے حوالے سے ۔

توبہ سے مراد گناہ سے دوری ہی نہیں بلکہ اپنے معاشرے اور مادی دنیا کو بہتر بناتا ہے ۔ اور پھر روح القدس کی رہنمائی میں چلتے ہوئے زندگی کو گذارتے جاتاہے ۔

یسوع مسیح کے خون کے وسیلے خدا کے غضب سے بچنا معافی نہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ کی ہوئی نا انصافیوں اور زیادتیوں کو معاف کرکے اچھے تعلقات قائم کرنا معافی ہے ۔

یہ وہ باتیں نہیں جو بائبل ہمیں سکھاتی ہے بلکہ یہ وہ نہیں جو میک لیرن اور اس کے ساتھی پیش کرتے ہیں کہ نجات ، نجات دہندہ اور بچائے جانے سے اُنکی مراد یہ ہے ۔

۴۸.ایک وسیع الزہن بنیاد پرستی 53-54

۴۹. ایک وسیع الزہن بنیاد پرستی 99

۵۰. ایک وسیع الزہن بنیاد پرستی 101

۵۱. ایک وسیع الزہن بنیاد پرستی 104-105

نجات صرف یسوع مسیح خدا کے بیٹے کے وسیلے سے ملتی ہے ۔ اس تحریک کا کہنا ہے کہ یسوع صرف گناہ اور دوزخ سے ہی نہیں بچاتا بلکہ نجات بھی دیتا ہے ۔

یہ صرف ابتدائی چیزیں ہیں جو یسوع مسیح کے متعلق میں بتا رہا ہوں ۔ اس کے علاوہ اور بہت کچھ ہے جو اس تحریک کے ترجمان نے اپنی کتاب کے باب میں تحریر کیا ہے کہ مجھے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں میں بشارتی کاموں اور یسوع نام کے پرچار سے پیار کرونگا۔

میں پہلے یسوع کی تعلیم اور یسوع کو صرف لفظی طور پر لیتا تھا لیکن میرا ذہن اُسوقت وسیع ہوا جب بار میں ایک خاتون نے مجھے بتایا کہ میں نے پھٹے پرانے کپڑوں میں بے گھر شخص میں یسوع کو دیکھا ۔

جین ایکس منٹری کی ایک ورکشاب سے فارغ ہو کر میں دوبارہ بار میں گئی ۔ اُس بار کے ساقی سے گفتگو کرتے ہوئے کرک ڈیوڈ ف نامی شخص نے نورانی کلیسیا کی تعلیم کے مطابق یسوع مسیح کے متعلق بتایا۔

ہم نے اُسکی مصروفیات ، اُسکے دوست اور موسیقی کے متعلق بات چیت کی کیونکہ وہ موسیقی کو سفید کرتی تھی ۔ ہم نے ایک ہم جنس پرست شخص کے اچھے کردار کے بارے باتیں کیں ۔ وہ کئی بار کرسمس پاپا کارول کر چکا تھا ۔ اور ایک بار اُس نے فرشتے کاکردار بھی ادا کیا اُس ڈرامہ میں فرشتہ ایڈز کا شکار ہو جاتا ہے ۔ اس ڈرامے میں مجھے سب سے زیادہ پسندیدہ بات لگی کہ فرشتہ سب سے بہت پیار کرتا ہے اور اُس کا پیار دوسروں کے لیے اس قدر گہرا اور سچا تھا کہ اُسکی وفات کے بعد بھی وہ اُسے بھول نہ پائے ۔ اُسکی موت غیر معمولی تھی ۔

کرک کہتا ہے کہ اُس نے کہا فرشتہ ایک مسیح سیرت کردار ہے ۔ تمہارا کیا خیال ہے 529

اس تحریک کا یسوع کچھ بھی ہو سکتا ہے یہاں تک کہ جنسی بے راہ روی کا شکار شخص بھی لیکن یسوع خدا نہیں ہے لیکن بائبل کا یسوع خدا کے دہنی طرف اپنے جلال اور قدرت میں بیٹھا ہے اور وہ دوبارہ اس دنیا کی عدالت کے لیے آنے والا ہے ۔

بدعت کی بے باکی : جو منادی کو متاثر کرتی ہے

یہ تحریک نہ صرف ماضی کی تحریکوں کی بدعتوں کی بلکہ اپنی کفر گوئی کی بھی مظہر ہے ۔
یہ تحریک سب سے پہلے بائبل مقدس کے الہامی پہلا خطا اور سچے ہونے سے منکر ہے ۔
دوسرا یہ تحریک بھید کو بائبل کی روشنی میں سمجھنے سے بالکل قاصر ہے کیونکہ بائبل کہتی ہے کہ بھید ایک پوشیدہ سچائی ہے جو خدا اپنے بندوں پر وقت بر وقت اور طرح بہ طرح ظاہر کرتاہے ۔ لیکن یہ تحریک کہتی ہے کہ بھید ایسی ناقابل بیان بات ہے جو اعلیٰ ترین علم کے ذریعے سمجھی اور بیان کی جاتی ہے یہ بھید کو مافوق الفطرت عنصر کہتے ہیں ۔ ان کے نزدیک خدا ہاں اور نہیں ہے جبکہ بائبل کے مطابق خدا ہاں اور آمین ہے ۔ (۲کرنتھیوں 20-19-1)

کسی حد تک یہ پاک تثلیث اور پاک تثلیث میں یسوع کے رتبے کا انکار کرتے ہیں ۔ اور یسوع مسیح کو اخلاقیات کا اعلیٰ نمونہ قرار دیتے ہیں ۔ ایسا نمونہ جس میں معاشرتی، اخلاقی ، سیاسی ، معاشی ، جنسی ، قومی اور لبرل زندگی کے لیے ہدایات ملتی ہے ۔

ایسی کونسی بات ہے کہ تمام راسخ الاعتقادی اور بنیاد پرست تحریکیں اور چرچز اس تحریک کی حمایت کر رہی ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم اس تحریک کے مثبت پہلووں کی حمایت کر رہے ہیں لیکن وہ پہلو مثبت کیسے ہو سکتا ہے جو بائبل کے منافی ہے ۔

اور یہ ایمانی اور روحانی لوگوں کو تاریکی کے گہرے اندھیروں میں دھکیل رہے ہیں (افسیوں 12-10-6)

تاریخ کلیسیا کے طالب علم بہتر طور پر جان پائینگے کہ بیسویں صدی کی تمام تحریکوں پروٹسٹینٹ چرچز کو اس تحریک نے بدنام کر دیا ہے ، تباہ کر دیا ہے اور یہ اُن تمام پرانمٹ دھبہ ہے ۔

یہ تحریک کارل بارتھ ، روڈاق ، رین ہولڈ اور پال ٹیک اور دوسرے مصنفین کی پیروکار ہے ۔ یہ انیسویں صدی میں سورن کیرک گرڈ فلاسفر کے ہم خیال تھے ۔

52۔ہیکر کرک ڈیوی ڈوف ۔ بار میں یسوع سے ملاقات یسوع کے ہوتے ہوئے میں پریشان کیوں ہوں ۔ مجھے اُس سے محبت کرتی ہے ۔

یسوع کے ہوتے ہوئے میں پریشان کیوں ہوں ۔ مجھے اُس سے محبت کرنی ہے**۔ نورانی کلیسیا کی اُمید 35-34)**

جن کا الہیات کو دیا ہوا انعام یہ ہے کہ یہ سچائی سے مُبرا ہے ۔ اس تحریک کی ناکامی کی وجوہات میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ وہ طالب علم جو تاریخ کلیسیا کا مطالعہ کر رہے ہیں انہوں نے اس تحریک کو رد کر دیا ہے ۔ جبکہ یہ تحریک اس حوالے سے اپنا اونچا نام چاہتی تھی ۔ تاریخی اعتبار سے اس تحریک کی کوئی حیثیت نہیں ۔ تاریخ کلیسیا کی طالب علم بھی اُسی تحریک کے قائل ہیں ۔ جس کی کم ازکم جڑیں بائبل کی روشنی میں ہوں ۔ اس تحریک کی الہیات فضول ناجائز اور گمراہ کُن ہے۔

مذہبی پلیٹ فارم کا استعمال کرتے ہوئے یہ تحریک لوگوں کو ایمانی اور روحانی طور پر قتل کر رہی ہے ۔ اس وجہ ک اس تحریک کو لبرل اکیڈمیز اور لبرل سیمنریز میں خوش آمدید کہا جاتا رہا ۔ لیکن آج بھی بنیاد پرست بائبل کالجز اور سمینریز میں اس تحریک کو دوستانہ ساتھ حاصل ہے ۔ یہ پروفیسر اور منتظمین کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کر رہے ہیں ۔ وہ بنیاد پرست کا لجز جو اس تحریک کے زیر اثر ہیں وہ درج ذیل ہیں ۔

بیسیکل تھیولوجیکل سیمنری ۔ اریسکائن کالج اور سیمنری ، ہوٹن کالج، ریفارمڈ تھیولوجیکل سیمنری ، ٹیلر سیمنری ، (فلدیفہ) اور سوتھرن بیپٹسٹا سکولز ۔

اس تحریک نے چند ہی سالوں اس سیمنریز اور سکولز میں زیرِ تعلیم طالب علموں کے ذہنوں میں اپنی غلط اور بدعتی تعلیم ڈالدی ہے ۔

اس تحریک کی مقبولیت کی دوسر ی وجہ یہ ہے کہ یہ سیمنار ز اور کیمپس میں اپنی تعلیم کو فروغ دے رہے ہیں ۔ اور نوجوان اس لیے متاثر ہو رہے ہیں کہ یہ خدا کی عظمت اور بڑائی کے لیے نہیں بلکہ انسان کی بڑائی کے لیے کام کر رہے ہیں ۔ اس تحریک سے تعلق رکھتے ہوئے انٹرنیشنل سطح پر شہرت پار ہے ہیں ۔ اور صرف شہرت کے لیے نوجوان اس تحریک میں شامل ہو رہے ہیں ۔

ہم نے اس تحریک میں خا کی بجائے انسان کی شہرت اور بڑائی کے متعلق پڑھا ہے ۔ اس تحریک کی الہیات کا مرکز یسوع نہیں بلکہ مختلف تحریکوں کے لوگ ہیں ۔ ۔ جن کو یہ اپنی طرف قائل کر رہے ہیں ۔ ہم نے اس تحریک کا اور خطر ناک پہلو اُس وقت دیکھا جب انہوں نے کہا کہ خدا کا فضل گناہ اور دوزخ کے لیے کافی ہے ۔ فضل کافی ہے خدا کافی نہیں اس طرح یہ ازروئے بائبل کی مسیحیت کو رد کرتے ہیں۔

یہ تحریک صرف دنیاوی علم ، انسانی بڑائی ، مافوق الفطرت عناصر اور بنیاد پرستی کی تحریک ہے ۔ یہ بائبل میں بنیاد پرستی کے علاوہ اور کچھ نہیں دیکھتے ۔ ردِ بائبل قائد تحریک کہتا ہے کہ ہم نئی تعلیم کے ساتھ نئی مسیحیت اور نیا مذہب ایجاد کر رہے ہیں ۔

53۔خدا کو سُننے کے لیے انتہا درجہ کی بحث و مباحثہ

اس سطح پر ہم اس تحریک سے صرف ایک سوال پوچھتے ہیں کہ انسانی نجات کی عظمت کس چیز پر منحصر ہے ۔ بے شک تمام چیزوں پر جو خدانے انسان کے لیے پیدا کیں ۔ اس تحریک کا جواب ہے کہ وہ تمام جس پر ہم بحث و مباحثہ کرتے ہیں ۔ ان کی ویب سائیٹ بھی کہتی ہے کہ اہم وہ ہے جو ہم سوچتے ہیں ۔

سچائی وہ نہیں جو پہلے بتائی جا چکی ہے ۔ سچائی وہ ہے جو ہم تشکیل دے رہے ہیں اور پھیلا رہے ہیں ۔

اس تحریک کو بدعتی اور گمراہ کن تعلیم پھیلانے کی بجائے اُس یسوع کے قدموں میں آکر بیٹھ جانا چاہیے جو ساری کائنات کا معلم ، نجات دہندہ اور خدا ہے ۔ جس نے ساری چیزیں انسان کے لیے پیدا کیں اور جو سب کا انصاف کر نے والا ہے اور جو اس دنیا کی عدالت کے لیے آئے گا ۔

یہ تحریک بائبل کی حقیقی تعلیم سے اس لیے روپوش ہیں کیونکہ بائبل ان کے اس خود غرضانہ رویے کو چیلنج کرتی ہے ۔ انکو غلط قرار دیتی ہے ۔ یہ تحریک خدا کو دوبارہ خدا اور اس کائنات کو دوبارہ کائنات بنانے میں سرگرم ہیں ۔ اور یہی اُنکا وہ عمل ہے جسے وہ خوشخبری کہتے ہیں ۔

۵۳۔رُوب بیل (آج کی مسیحیت) یکم نومبر 2004دیکھیے ۔

مارک سکینڈرتی (اس تحریک کا ترجمان) ایک روحانی معلم اور ریل میگانی نامی تنظیم (تنظیم اِن سین فرانسیسکو) کا مرکزی ڈائریکٹر ہے ۔ وہ ایک پروگرام چلار ہے جس کا نام (جنیرز ڈوجو) ڈوجو ایک جاپانی اصطلاح ہے جس کا مطلب (راہ میں جگہ) ہے یہ تصور شینٹو ازم اور زین بدھ ازم کے روحانی دھیان و گیان میں پایا جاتا ہے ۔ گروئنگ پین کتاب کے باب میں وہ اس تحریک کے منشور کو مختصر بیان کرتے ہوئے کہتا ہے ۔

۱۔معاشرتی زندگی میں گہری دلچسپی اور روحانی مشقیں۔

۲۔معاشرتی ، الہیاتی اور قائدانہ و سائل کا استعمال تاکہ شخصی اور اجتماعی شراکت مضبوط ہو۔

۳۔یسوع مسیح کی انجیل کے مطابق معاشرتی ترقی ، کرہِ ارض کی حفاظت ، عالمی انصاف اور تحفظ کو فروغ دینا۔

۴۔ان مقاصد کی تجدید کے لیے تاریخی، مسیحی اور کیتھولک غور و خوض کی روحانی مشقیں کرنا۔

۵۔ تخلیقی الہیات ، انسانیت ، زمین ، کلچرز ، معدنیات

۶۔خدا کے ایسے تخلیق کردہ انعامات ہیں‌کہ اُن سے لطف اندوز ہونا چاہیے ۔

۷۔فن و لطیفہ کی ایجاد، آرٹ کی تخلیق اور اُنکی نمائش۔

۸۔طرز زندگی اور مضبوط اکنامکس 54

سکینڈرتی اور اُسکے ساتھیوں کے نزدیک یہ نجات نہیں بلکہ خوشخبری ہے ۔

بائبل جواب دیتی ہے :

ایکایماندار کے مقابل لوگوں کو اس تحریک اور اس کے قائدین کی فطرت کو سمجھنا چاہیے ۔ ایمانداروں کے لیے کڑی آزمائش یسوع مسیح کے ساتھ پیوست ہونا ہے ۔ جس نے کہا کہ حق میں ہوں ۔

وہ پتھر جو معماروں نے رد کیا وہی کونے کا پتھر ٹھہرا ۔ یسوع قیمتی پتھر ہے اور جو اُس پر ایمان نہ لائے گا شرمندہ ہوگا۔ کیونکہ جھوٹوں اور منکروں کے لیے وہ ٹھوکر اور شرمندگی کی چٹان ہے ۔

اُن کے لیے شرمندگی اس لیے ہے کہ وہ خدا کے کلام کے منکر ہوئے لیکن تم چنی ہوئی نسل اور شاہی کہانت اور مقدس قوم اور میراث کی اُمت ہو ۔ تاکہ تم اُسکی خوبیاں ظاہر کرو جس نے تمہیں تاریکی سے اپنے عجیب نور میں بُلایا ۔ تم پہلے کوئی اُمت نہ تھے مگر اب خدا کی اُمت ہو پہلے تم پر اُمت رحمت نہیں ہوئ تھی مگر اب تم پر رحمت ہوئی ہے ۔ (۱پطرس 10-9-2)اور یہ بھی کہا گیا ے کہ (وہ تمہارے واسطے جو ایمان لا تے ہو عزت کا باعث ہے مگر جو ایمان نہیں لاتے اُنکے لیے ٹھیس لگنے کا پتھر اور ٹھوکر کھانے کی چٹان ہوا۔ (۱پطرس 7-2)

1760کی رہائی میں مارٹن لوئیڈ جونز سن کلیسیائی تحریک کے خلاف تھا ۔ اُس کے الفاظ اُن لوگوں کے لیے بھی خطرے کی گھنٹی ہے جو خدا کے پاک کلام کو بھی سچا کہتے ہیں اور دوسری طرف اس تحریک کے ساتھ بھی ہیں اور کہتے ہیں کہ اس تحریک کے مثبت پہلو مشن کے لی فائدہ مند ہیں ۔

کم از کم ایک ایسی جگہ یا ایسا پلیٹ فارم ضرور ہونا چاہیے جہاں ساری کلیسیائیں باہم اکٹھی ہو کر بیٹھیں اور اُن مسائل کو زیر گفتگولائیں جو پریشان ، شک اور بنیاد پرستی کا باعث ہیں ۔ لیکن یہ تحریک جو شک و شبہات اور بنیاد پرست ہے ۔

54-مارک سکینڈرتی بڑھتی ہوئی دردیں **(گروئنگ پینز) (زرخیزہ اور عمدہ بننے کا عمل**)34

یہ خیالات سکینڈرتی نے اپنی کتاب میں دئیے -22

یہ تحریک یا کلیسیا کی مثال ایک ہائی سکول میں پڑھتے ہوئے بچے کی طرح اور سیکس کی طرح ہے جو سیکس کے متعلق دیکھتا یا پڑھتا ہے لیکن کرتا نہیں ۔ اسی طرح لوگ اس تحریک کو دیکھتے یا اس کے متعلق پڑھتے ضرور ہیں لیکن اس کی پیروی نہیں کرتے ۔ اور جو پیروی کرتےہیں وہ دوزخی اور عذابی ہیں ۔

گفتگو یا بات چیت بھائیوں کے درمیان ہی ہوتی ہے تاکہ وہ اکٹھے بیٹھ کر اُن باتوں کو حل کرنے کی کوشش کریں جو ایک دوسرے کے لیے قابلِ اعتراض ہیں ۔ ہر کوئی ایک دوسرے کی رائے کو سُنے اور قبول کرئے تاکہ مسائل کا کوئی حل نکل سکے ۔ کیا ہی عمدہ بات ہے اگر بھائی باہم مل کر بیٹھیں ۔ لیکن یہ تحریک بھائیوں کی باہمی شراکت اور رفاقت کے بھی منافی ہے ۔

ابتدائی اور بنیاد پرست معاملوں پر بات چیت ، ڈائیلاگ اور تبادلہ خیال کرنےسے پیشتر معاہدہ ہونا چاہیے ۔ اگر جیومیٹری میں اصولوں کو اپنا یا نہ جائے تو سوال حل نہیں ہو سکتا بالکل اسی طرح اگر منتخب کردہ تجاویز اور ہدایات کو کوئی نہیں اپناتا تو زیر بحث موضوع یا مسئلہ کو حل نہیں کیا جا سکتا ۔ اگر صرف بحث و مباحثہ کرنا ہے تو یہ صدیوں سے چلتا آرہا ہے اور ابھی تک کوئی حل ہیں نکلتا ۔ بھائیوں کے درمیان بحث نہیں گفتگو ہوتی ہے مسائل الجھائے نہیں سلجھائے جاتے ہیں ۔ ایک دوبار نصیحت کر کے بدعتی آدمی سے کنارہ کر (طیطس 10-3)

جن کو یسوع مسیح میں سچائی کو قبول کرنے اور توبہ کرنے کی ضرورت ہے اور و ہ نہیں کرتے تو اُنکو بے ایمان اور کافر قرار دیا جائے ۔ تاکہ دوسروں کے لیے گواہی ہو کہ یہ وہ ہیں جو سچائی کے منکر ہے کیونکہ سچائی یسوع ہے اور ایسے لوگ سچائی کی راہ میں رکاوٹ کے سوا کچھ نہیں ۔ اور کہ تو یہ بچپن ہی سے اُن پاک نوشتوں سے واقف ہے جو تجھے اُس ایمان کے وسیلے سے جو مسیح یسوع میں ہے نجات پانے کے لیے دانائی بخش سکتے ہیں ۔ (۲تیموتاوس 3-15)اسی طرح اُن لوگوں سے بات چیت کرنا جن کو معلوم ہی نہیں کہ مسیحیت درحقیقت ہے کیا ؟ فضول ہے ۔ اور یہی وہ ہے جو عصر حاضر کے لیے ایمانی شعور پر پریشانیوں اور شک کی وجہ بنتے ہیں ۔

55۔اے مسیحیو! مت ڈرو اور پریشان نہ ہو و۔ کیونکہ مسیح کے سچے دین اور کلیسیا میں اس تحریک کے لیے کوئی جگہ مسیح کے سچے دین اور کلیسیا میں اس تحریک کے لیے کوئی جگہ نہیں ۔**(کشادہ ذہین راسخ الااعتقادی)**

اس لیے رب الافواج یوں فرماتا ہے کہ تم اُن نبیوں کی باتیں نہ سنو جوتمہارے لیے نبوت کرتے ہیں اور تمہیں دھوکہ دیتے ہیں ۔ وہ خدا وند کے منہ کی بات نہیں پر اپنے دل کے تصور کی بات کرتے ہیں ۔ وہ میری توہین کرنے والوں سے ہر وقت کہتے ہیں کہ خدا وند نے فرمایا ہے تمہاری سلامتی ہو گی اور وہ اپنے دل کی ضد پر چلنے والے ہر ایک سے کتہے ہیں کہ تجھ پر کوئی آفت نہ آئے گی ۔

میں نے اُن نبیوں کو نہیں بھیجا ۔ تو بھی وہ دوڑتے ہیں ۔ میں نے ان سے کلام نہیں کیا ۔تو بھی وہ نبوت کرتے ہیں ۔ پر اگر وہ میری مجلس میں کھڑے ہوتے تو وہ میری اُمت کو میرا کلام سناتے اور وہ اپنی بُری راہ سے اور اپنے اعمال کی برائی سے باز آتے ۔ (ارمیاہ 22-17،21-16-23)

کتاب کی پیشکش

او پی سی میں روحانی مسائل اور مسیحیت اور نیو لبرل ازم (ڈاکٹر ایلبٹ) کی $)اور ($10) تصانیف ہیں انکو حاصل کر نے کے لیے (19.95

پوسٹ کے لیے ادا کریں ۔ آپ چیک یا نقد رقم اس پتے پر بھیج سکتے ہیں ۔

ٹرنیٹی فاونڈیشن ، پی او بکس 68،یونیسکو، ٹی این 37692منگوانے کی تاریخ 31مئی 2010تک ہے ۔

دونوں کتابیں **(مسیحیت اور نیو لبرل ازم) اور (منکر فرقے)**(19.95 ڈالر)ادا کریں اور حاصل کریں ۔

یہ آرتھو ڈکس پر یسبٹرین چرچ پر گہرا مطالعہ اور تحقیقی رپورٹ ہے ۔

ڈاکٹر ایلیٹ سے بھی آپ ان کتابوں کو (8.95ڈالر) میں حاصل کر سکتے ہیں ۔ لیکن اس کے ساتھ آپکو پوسٹ کے لیے 15ڈالر) ادا کرنا ہونگے ۔ منگوانے کا پتہ :

ٹرنیٹی فاونڈیشن ، پی او بکس 68،یونیسکو، ٹی این 37692منگوانے کی تاریخ 31مئی 2010تک ہے ۔
۵۵۔ڈی ماٹن جونز ۔ مسیحیت کے اتحاد کی بنیادیں ، یہ اُنکے مختلف مقاموں پر خطا بات کا مجموعہ ہے ، 1977-1942)
بینر آف ٹرتہ ٹرسٹ 1989)163-162
اس تحریک یا نورانی کلیسیا کے متعلق مزید جاننے کے لیے دیکھیے ۔
http/www.youtube.com/watch?v=of 19h1ZajLs.
جاننے کے لیے ایک اور ویب سائیٹ ہے
http/www.youtube.com/v.of 19hiZajLs